# پنجاب دانش سکولز (طلباء وطالبات) داخلہ چھٹی جماعت برائے سال 2026

بمقام رحیم یار خان، حاصل پور، چشتیاں، میانوالی، اٹک، ڈی جی خان، راجن پور، وہاڑی، منکیرہ اور تونسہ

(درخواست فارم ویب سائٹ www.daanishschools.edu.pk، متعلقہ تحصیل ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ وزنانہ) اور دانش سکولز (طلباء وطالبات) سے بلا معاوضہ حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں قائم دانش سکولوں میں مندرجہ ذیل شرائط پر پورے اترنے والے پنجم جماعت پاس طلباء اور طالبات سے چھٹی جماعت میں داخلے کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ **دانش سکولز اقامتی ادارے ہیں، جہاں حکومت کی طرف سے ہونہار غریب، یتیم و مسکین اور نادار بچوں کو بلا معاوضہ اعلیٰ معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ، رہائش وخوراک، لباس اور دیگر ضروریات زندگی مہیا کی جاتی ہیں۔ دانش سکولوں میں داخلہ کے خواہشمند طلباء وطالبات کا مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنا لازم ہے:۔**

**(الف)** والدین کی ماہانہ آمدنی 40 ہزار (چالیس ہزار) روپے سے زیادہ نہ ہو۔

**(ب)** وہ بچے جن کے والدین وفات پا چکے ہوں۔

**(ج)** والد وفات پا چکے ہوں اور بچہ ماں کے ساتھ رہ رہا ہو۔

**(د)** دونوں والدین ان پڑھ ہوں۔ کوئی جائیداد نہ ہو اور دونوں میں سے کوئی ایک معذور ہو۔

**(ر)** بچہ سکول چھوڑ چکا ہو۔ والدین ان پڑھ ہوں اور کوئی جائیداد نہ ہو۔

**(س)** والدین ان پڑھ ہوں۔ کوئی جائیداد نہ ہو۔ کوئی نوکری یا مستقل ذریعہ آمدن نہ ہو۔

**(ش)** بچہ گاؤں کا رہنے والا ہو۔ والدین نیم ہنرمند یا غیر تربیت یافتہ محنت کش طبقے سے تعلق رکھتے ہوں۔ کوئی جائیداد نہ ہو اور ان پڑھ ہوں۔

**(ص)** شہری علاقوں کا رہنے والا ہو اور اس کا کچا مکان ہو۔

## دیگر شرائط۔

**(الف)** عمر کی حد بچوں کے لئے 10 سے 12 سال اور بچیوں کے لئے 10 سے 13 سال ہے۔

**(ب)** داخلہ صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگا، جس کا تعین تحریری امتحان وانٹرویو، طبی معائنہ، خاندانی تصدیق اور دانش سکولز ایکٹ 2010 میں درج ترجیحات کی بناء پر ہوگا۔

**(ج)** ہر سکول میں اپنا خرچہ خود اٹھانے والے (Self-Finance) بچوں کیلئے 10 فیصد کوٹہ مخصوص ہے۔ انہیں -/20,500 (بیس ہزار پانچ سو) روپے ماہانہ فیس اور دیگر اخراجات کی مد میں ادا کرنا ہونگے۔

**نوٹ:** پنجاب (بشمول چولستان اور پاٹا پنجاب کی مخصوص نشستوں) کے اُمیدوار **درخواستیں بروز ہفتہ 06 دسمبر 2025 تک متعلقہ سکول میں جمع** کروا سکتے ہیں۔ **داخلہ ٹیسٹ (بشمول سیلف فنانس) بروز اتوار 07 دسمبر 2025 دوپہر 12 بجے لیا جائے گا۔**

**داخلہ برائے دیگر علاقہ جات:** دانش سکولوں میں صوبہ سندھ، صوبہ خیبر پختونخواہ بمعہ سابقہ فاٹا، صوبہ بلوچستان کے علاوہ دیگر علاقہ جات گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے لیے خصوصی نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ ان صوبوں اور علاقہ جات کے وہ امیدواران جو اوپر دی گئی شرائط پر پورا اترتے ہیں، داخلے کے اہل ہیں۔ ان کے تحریری امتحان **صوبائی دارالحکومتوں میں بروز اتوار 16 نومبر 2025 کو لیا جائے گا۔** دوسرے صوبوں کی نشستوں کے امیدواران اپنی درخواستیں **بروز ہفتہ 15 نومبر 2025 تک** مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کریں:

| بلوچستان | آزاد جموں کشمیر | سندھ اور چولستان | خیبر پختونخواہ بمعہ سابقہ فاٹا | گلگت بلتستان | پاٹا (پنجاب) |
|---|---|---|---|---|---|
| دانش سکول فاضل پور، ضلع راجن پور | دانش سکول میانوالی، ضلع میانوالی | دانش سکول رحیم یار خان | دانش سکول جنڈ، ضلع اٹک | دانش سکول چشتیاں | دانش سکول ڈی جی خان |

**نوٹ:** داخلہ فارم کے ساتھ والدین کے شناختی کارڈ کی کاپیاں (3 عدد)، بچے کی پاسپورٹ سائز تصاویر (3 عدد)، سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اور ب فارم کی کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔ داخلہ فارم کی عدم دستیابی کی صورت میں اُمیدوار سادہ کاغذ پر تحریری درخواست (جس میں داخلہ فارم سے متعلق تمام کوائف درج ہوں) بمعہ ب فارم کی کاپی جمع کروا سکتا ہے۔ تاہم داخلہ امتحان سے قبل داخلہ فارم جمع کروانا ضروری ہے۔ اُمیدواران اپنے کوائف متعلقہ سکول میں درج ذیل پتے پر جمع کرائیں۔

| دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) رحیم یار خان | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) چشتیاں | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) حاصل پور | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) میانوالی | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) اٹک | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) ڈی جی خان | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) فاضل پور (راجن پور) | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) میلسی (وہاڑی) | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) منکیرہ | دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) تونسہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چک نمبر 82/P نزد سٹی پل بائی پاس روڈ رحیم یار خان | 9- گنجانی بہاولنگر روڈ نزد چشتیاں، ضلع بہاولنگر | 6- کلومیٹر بہاولپور روڈ نزد جوڈیشل کمپلیکس، حاصل پور، ضلع بہاولپور۔ | ہرنولی موڑ تحصیل پنیالہ، ضلع میانوالی | لنگر سٹاپ جنڈ، ضلع اٹک | بائی پاس 3 کلومیٹر تونسہ روڈ، ڈیرہ غازی خان | انڈس ہائی وے فاضل پور، ضلع راجن پور | چک نمبر 204/WB، موضع سلطان پور، میلسی، ضلع وہاڑی | 8 کلومیٹر جھنگ بھکر روڈ، بالمقابل گورنمنٹ خواتین ڈگری کالج تحصیل منکیرہ، ضلع بھکر | 14 کلومیٹر انڈس ہائی وے کوٹ قیصرانی تحصیل تونسہ ضلع ڈیرہ غازی خان |
| فون: 068-5882304<br>068-5882354 | فون: 063-2509938<br>063-2509959 | فون: 062-2733980<br>062-2733998 | فون: 0459-295000<br>0459-296504 | فون: 057-2770213<br>057-2770259 | فون: 064-2474919<br>064-2474956 | فون: 0604-690914<br>0604-690954 | فون: 067-3368709<br>067-3368759 | فون: 0459-295000<br>0345-7824986<br>0332-6751710 | فون: 064-2474919<br>0311-7360503<br>0323-6285984 |